اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖن اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

نیو سوسائٹیز میں دینی کاموں کا طریقۂ کار

﴿1﴾ نیو سوسائٹی میں دینی ماحول بنانے کے لئے کسی بھی مناسب مقام پر (گھر، کمرے، رہائشی ہال وغیرہ میں) دینی مرکز کے دیئے گئے طریقۂ کار کے مطابق درسِ فیضانِ سنت، مدرسۃ المدینہ بالغات (1 گھنٹہ/30 منٹ) اجتماع وغیرہ کیے جائیں۔ اجتماعی طور پر نہ ہوسکے تو فرداً فرداً کیا جائے نیو سوسائٹیز سے وابستہ اسلامی بہنوں پر انفرادی کوشش کرکے انہیں انفرادی کوشش، گھر درس دینے، مدرسۃ المدینہ (بالغات) (1 گھنٹہ/30 منٹ) میں پڑھنے، ہفتہ وار سنتوں بھرا اجتماع، ہفتہ وار علاقائی دورہ، ہفتہ وار مدنی مذاکرہ یا بیان سننے، مدنی چینل دیکھنے، بچیوں کے مدرسۃ المدینہ گرلز میں داخلے، تفسیر القرآن کورس، کفن دفن اجتماع، محفلِ نعت میں شرکت کرنے، روزانہ نیک اعمال کے رسالے سے جائزہ لینے، مدنی چینل دیکھنے وغیرہ دینی کاموں کی ترغیب دلائی جائے۔

☆ نیو سوسائٹیز میں دینی کاموں کو بڑھانے کے لیے تنظیمی طور پر رعایت ہوگی مثلاً ماہِ رمضان میں بعدِ تراویح وعام دنوں میں بھی ضرورتاً بعدِ مغرب کی اجازت ہوگی۔

﴿2﴾ **سنتوں بھرا اجتماع**:

☆ نیو سوسائٹیز میں سنتوں بھرا اجتماع کیا جائے اور اگر مستقل ایک جگہ نہ ملے تو ضرورتاً گھر بدل بدل کر سنتوں بھرا اجتماع کیا جائے۔

☆ نیو سوسائٹیز میں ہونے والا سنتوں بھرا اجتماع "**نیو سوسائٹی سنتوں بھرے اجتماع کا شیڈول**" کے مطابق ہفتہ وار/15 دن/ماہانہ اجتماع کیا جائے۔ (یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

﴿3﴾ نیو سوسائٹی ذمہ دار (شہر سطح) شعبہ رابطہ برائے شخصیات و شعبۂ تعلیم ذمہ دار (صوبہ/سٹی سطح) کے ذریعے درج ذیل کام کروائیں۔

☆ **شعبہ رابطہ برائے شخصیات** کے تحت شخصیات کا دینی حلقہ لگایا جائے۔

☆ نیو سوسائٹیز ذمہ داران شعبہ رابطہ برائے شخصیات کے تحت میٹ اپ رکھوائیں اور شعبہ رابطہ کی اسلامی بہنوں کے ساتھ تعاون کریں۔

☆ رابطہ برائے شخصیات کے تحت Islamic Seminar In The Light of Quran& Hadith دعوت نامہ بھجوایا جائے اور شہر کی کسی مشہور جگہ پر اس سیمینار کا انعقاد کیا جائے۔

☆ شعبہ رابطہ برائے شخصیات/شعبۂ تعلیم کے ذریعے نیو سوسائٹیز کے منسلک اداروں اور وابستہ اسلامی بہنوں کو ماہنامہ فیضان مدینہ کی سالانہ بکنگ کا ذہن دیا جائے اور بالخصوص انگلش ماہنامہ فیضانِ مدینہ کا تعارف اور اسکی بکنگ کروائی جائے۔

﴿4﴾ **نیو سوسائٹیز میں علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت کا شیڈول:**

تربیت کے مدنی پھول 11 منٹ،	نیکی کی دعوت 30 منٹ،	کل دورانیہ: 41 منٹ

☆ علاقائی دورہ سوسائٹی کی رہائشی اسلامی بہن ہی کریں اور حکمتاً اپنی رہائش کی نشاندہی بھی کردیں تاکہ جن کو دعوت دیں وہ مانوس ہوں۔

☆ جن سوسائٹیز میں door to door نیکی کی دعوت دینا ممکن نہ ہو وہاں مدنی پھول برائے علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت میں درج طریقۂ کار کے مطابق آن لائن دعوت دی جائے۔

﴿5﴾ **نیو سوسائٹی میں محفلِ نعت**:

☆ نیو سوسائٹیز سے وابستہ اسلامی بہنوں کے ہاں بیماری، پریشانی، فوتگی کے مواقع پر غمخواری (عیادت و تعزیت) کریں مثلاً روحانی علاج،، فوتگی پر غسلِ میت اور سوئم، چہلم و برسی پر محفلِ نعت اور ایصالِ ثواب کریں۔

☆ ربیع الاوّل، ربیع الآخر، رمضان المبارک، سفرِ مدینہ، بچوں کی ولادت، شادی، پروموشن وغیرہ پر موقع کی مناسبت سے نیو سوسائٹیز والوں کے گھروں پر محفلِ نعت کرکے نیکی کی دعوت کی خوب خوب دُھومیں مچائیں۔

☆ **محفلِ نعت کا شیڈول:**

تلاوت 3 منٹ،	نعت شریف 4 منٹ،	بیان 19 منٹ،	دعا 7 منٹ،
سلام 7 منٹ	ملاقات و انفرادی کوشش 12 منٹ،		کُل دورانیہ 52 منٹ

☆ اگر اہم شخصیات بعدِ مغرب اپنے گھر محفلِ نعت کروانے کا کہیں اور شعبہ نیو سوسائٹیز کی صوبہ/سٹی نگران اسلامی بہن کی اجازت ہو تو کرلی جائے۔

☆ اہلِ خانہ کا تقسیمِ رسائل کا ذہن بنا کر مکتبۃ المدینہ کے جاری کردہ رسائل تقسیم کریں۔